# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad.

Date: 01 October -2023

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی اورنگ آباد

علاقائی خبریں

تاریخ: 01 ؍اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے پیش ہے خاص خبروں کی سُرخیاں:

☆ ملک بھر میں آج صبح 10 ؍بجے سے ''سوچھتا ہی سیوا'' مہم کا آغاز۔

☆ آکانکشت ضلع پروگرام کے تحت معیارِ زندگی بہتر بنانے کیلئے ہفتہ عزم یا سنکلپ سپتاہ شروع۔

☆ مراٹھواڑہ جیون وکاس پریشد کا مراٹھواڑہ بھوشن ایوارڈ، پدم شری ڈاکٹر من گنگا کھیڑکر کو تفویض۔

اور ☆ ایشیائی کھیلوں میں ٹینس مکسڈ ڈبلز اور اسکوائش میں بھارت کو طلائی تمغے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پورے ملک میں آج سے ''سوچھتا ہی سیوا مہم'' کا آغاز ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے تمام شہریوں سے اس مہم میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی ریاست بھر کی عوام کو ترغیب دی ہے کہ اس مہم میں جوش و خروش کے ساتھ شرکت کر کے مہاراشٹر کو ملک بھر میں سرفہرست بنائیں۔ تمام گاؤں، دیہاتوں اور شہروں کے ہر حصے میں اب سے کچھ دیر بعد ۱۰؍ بجے سے اس مہم کا آغاز ہوگا۔

ریاست کے سرکاری صنعتی تربیتی اداروں ITI کی جانب سے آج یکم اکتوبر کو مقامی علاقوں اور کل ۲؍اکتوبر کو ریاست کے تاریخی قلعوں میں صفائی مہم چلائی جائیگی۔

جالنہ ضلع میں ہر گاؤں میں ''ایک تاریخ، ایک گھنٹہ میرے گاؤں کی صفائی کیلئے'' یہ پروگرام چلایا جائیگا۔ جالنہ ضلع پریشد کے کارگذار چیف ایگزیکیٹیو افسر شریش بنسوڑے نے اس میں شرکت کرنے کی تمام شہریوں سے درخواست کی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں سیاحتی مقامات، بس اسٹینڈ ریلوے اسٹیشن اور عوامی مقامات پر آج مہا شرم دان ابھیان چلایا جائیگا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے بودھ لینی میں سوچھتا ہی سیوا پروگرام منعقد ہوگا۔ یہ اطلاع مرکزی مواصلات بیورو کے اورنگ آباد علاقائی تشہیری افسر سنتوش دیشمکھ نے یہ اطلاع دی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بہتر انتظامی امور کی بنیادی نکات پر توجہ مرکوز کی جائے تو مشکل اہداف بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں اور یہ بات آ کانکشت ضلع پروگرام نے ثابت کردی ہے۔نئی دہلی میں بھارت منڈپم میں ''سنکلپ سپتاہ'' کی افتتاحی تقریب سے وہ مخاطب تھے۔اس مہم کا مقصد ملک کے 329/منتخب اضلاع کے 500/رزونس میں معیار زندگی بہتر بنانا ہے۔عثمان آباد ضلع کے پرانڈہ تعلقے کا اس پروگرام کیلئے انتخاب کیا گیا ہے۔ پرانڈہ تعلقے کی 10/بڑی گرام پنچایتوں کے ارکان، بچت گروپ کی خواتین اور شہری بذریعے ٹیلی کانفرنسنگ اس افتتاحی پروگرام میں شریک ہوئے۔

***** **** *****

دو ہزار روپئے کے کرنسی نوٹ بینک کھاتوں میں جمع کرنے یا اسے تبدیل کرنے کیلئے دی گئی مہلت میں 7/دنوں کی توسیع کردی گئی ہے۔اب یہ کرنسی نوٹ 7/اکتوبر تک بینکوں میں جمع کرانا ممکن ہوگا۔8/اکتوبر سے باقی ماندہ 2000 کی کرنسی نوٹ جمع کرانے کی سہولت صرف ریزرو بینک آف انڈیا کی شاخوں ہی میں موجود رہے گی۔

***** **** *****

مراٹھا سماج کو دیگر پسماندہ طبقات OBC کے کوٹے سے ریزرویشن نہ دینے کے مطالبے پر گذشتہ 19/دنوں سے بھوک ہڑتال کر رہے او بی سی رہنما رویندر ٹونگے اور ان کے دو معاونین نے کل اپنی بھوک ہڑتال ختم کردی۔وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی زیر قیادت پرسوں او بی سی رہنماؤں کے اجلاس میں کئے گئے مثبت فیصلوں کی اطلاع نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بھوک ہڑتال کرنے والے ان رہنماؤں کو دی۔اس موقع پر پھڑنویس نے انہیں تیقن دیا کہ مراٹھا سماج کو او بی سی کوٹے سے قطعاً ریزرویشن نہیں دیا جائیگا۔

***** **** *****

## یہ خبریں آ کاشوانی اورنگ آباد سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

کلاری زلزلے کو کل تیس برس مکمل ہوگئے۔اس وقت کے وزیر اعلیٰ شرد پوار کی جانب سے اس سماوی آفت کے دوران کئے گئے امداد اور باز آبادکاری کے کاموں کیلئے اظہار ستائش کے طور پر کلاری میں زلزلہ زدگان کی جانب سے کل ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔شرد پوار ،قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے قائد امبا داس دانوے اور دیگر رہنماؤں نے اس زلزلے میں جان گنوانے والوں کی یادگار پر نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیر پرسن ڈاکٹر نیلم گورے اور وزیر کھیل سنجے بنسوڑے نے کلاری میں اس ''یادگار ستون'' پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔زلزلے کی جگہ پر بنائے گئے گارڈن کا نیلم گورے کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔اس موقع پر سنجے بنسوڑے نے تیقن دیا کہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کیلئے کوششیں کی جائیگی۔

اسی زلزلے میں عثمان آباد ضلع کے لوہارا تعلقے کے سا ستور کے متعدد شہری ہلاک ہوئے تھے۔اس خصوص میں تعمیر کردہ یادگار ستون پر کل اجتماعی خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

***** **** *****

مراٹھواڑہ جیون وکاس پریشد کے مراٹھواڑہ بھوشن اور مراٹھواڑہ رتن ایوارڈ کل ممبئی میں وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں تقسیم کیئے گئے۔ وزیر زراعت دھننجے منڈے سمیت کئی اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔ مراٹھواڑہ بھوشن ایوارڈ، پدم شری ڈاکٹر رمن گنگا کھیڑکر کو دیا گیا۔ جبکہ کیلاش جادھو، سونالی ماترے، سومناتھ واڑکے، کرن تامبے، ملند شندے اور آتمارام سونونے کو مختلف شعبوں میں گرانقدر خدمات کیلئے مراٹھواڑہ رتن ایوارڈ سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

عید میلادالنبی کے حوالے سے کل مختلف مقامات پر جلوس محمدی نکالے گئے۔ بیڑ شہر میں نکالا گیا جلوس مختلف علاقوں سے گذرتا ہوا قادر پاشاہ مسجد علاقے میں اختتام پذیر ہوا۔ اورنگ آباد میں بھی شمع رسالت کے پروانوں نے ایک بہت بڑا جلوس نکالا۔ ناندیڑ میں عید میلادالنبی کا جلوس آج نکالا جائے گا۔

***** ***** *****

چین میں جاری ایشیائی کھیلوں میں کل بھارت نے دو طلائی تمغے حاصل کیئے۔ ٹینس کے مکسڈ ڈبلز کے مقابلوں میں روہن بوپنا اور رُتوجا بھوسلے کی جوڑی نے طلائی تمغہ حاصل کیا۔ اسکوائش کی ٹیم نے پاکستان کو شکست دیکر طلائی تمغہ حاصل کیا۔
مردوں کی ۱۰/ہزار میٹر دوڑ میں کارتک کمار نے نقرئی اور گل ویر سنگھ نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ نشانہ بازی میں ۱۰/میٹر ایئر پستول مکسڈ ڈبلز میں بھارت کے سرب جوت سنگھ اور دیویا ٹی ایس نے نقرئی تمغہ جیتا۔ ان مقابلوں میں بھارت نے اب تک ۱۰/طلائی، ۱۴/نقرئی اور ۱۴/کانسے کے تمغے سمیت مجموعی طور پر 38/میڈلز حاصل کیئے ہیں۔

***** ***** *****

مارکسٹ کمیونسٹ پارٹی کے قومی سیکریٹری اور سابق رکن پارلیمان سیتارام یچوری نے کہا ہے کہ انڈیا آگھاڑی ایک نظریاتی محاذ ہے۔ اور اس نظریے کے حامل پارٹیوں کا محاذ میں استقبال کیا جائیگا۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ مہنگائی اور بے روزگاری جیسے مسائل پر موجودہ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج چمکنے والے بھارت اور ترسنے والے بھارت کی تصویر اُبھر کر سامنے آئی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں مراٹھی کے سبکدوش پروفیسر شیخ شفیع کل انتقال کر گئے۔ وہ 76/برس کے تھے۔ مرحوم پربھنی میں تہذیبی، ثقافتی، موسیقی، ڈرامہ نگاری اور ادبی سرگرمیوں میں مصروف رہے تھے۔

***** ***** *****

جالنہ میں اسٹیٹ ریزرو پولس فورس کے ایک جوان نے کل دوران ڈیوٹی خود کو گولی مار لی۔ سچن گووند بھدرگے اس جوان کا نام بتایا جاتا ہے۔ مزید جانچ کیلئے بھدرگے کی لاش کو اورنگ آباد کے سرکاری اسپتال پہنچا دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ **ملک بھر میں آج صبح 10 ؍ بجے سے ’’سوچھتا ہی سیوا‘‘ مہم کا آغاز۔**

☆ **آ کانکشت ضلع پروگرام کے تحت معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے ہفتہ عزم یا سنکلپ سپتاہ شروع۔**

☆ **مراٹھواڑہ جیون وکاس پریشد کا مراٹھواڑہ بھوشن ایوارڈ، پدم شری ڈاکٹر رمن گنگا کھیڑکر کو تفویض۔**

اور ☆ **ایشیائی کھیلوں میں ٹینس مکسڈ ڈبلز اور اسکوائش میں بھارت کو طلائی تمغے۔**

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ آ کاشوانی سماچار اورنگ آباد اور یوٹیوب چینل، اورنگ آباد AIR NEWS پر دوبارہ بھی سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****